اشکِ غم

مولانا محمد ابراہیم فانی

# فخر دین و ملت و قوم و وطن رخصت ہوئے

۱۴۲۰ھ

بیاد مفکر اسلام داعی کبیر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نوراللہ مرقدہ

صاحب فضل و کمال و علم و فن رخصت ہوئے — نابغائے وقت و محمود زمن رخصت ہوئے
جن کی تحریروں سے ملتا تھا سراغِ زندگی — محسن الملت وہ شیخ بوالحسن رخصت ہوئے
کاروان زندگی کا وہ حدی خواں اب نہیں — فخر دین و ملت و قوم و وطن رخصت ہوئے
بزم ناز قدسیاں کی زینت و سرخیل آپ — رونق محفل وہ شمع انجمن رخصت ہوئے
جن کی صحبت سے دلوں پر آئی ایمانی بہار — جانب فردوس و جنات عدن رخصت ہوئے
وہ مفسر وہ محدث واقفِ اسرار دین — ناقد تہذیب غیر وہ بت شکن رخصت ہوئے
اک مورخ بے بدل وہ داعی دین مبین — اس زمین پر اک انعام ذوالمنن رخصت ہوئے
جامع شرع و طریقت پیکر صدق و صفا — زہد و تقویٰ کے مجسم روح و تن رخصت ہوئے
فاتحِ عالم بنا اپنی طلاقت کے طفیل — وہ طبیب علت و ناوک فگن رخصت ہوئے
عالم اسلام تھا ان کی ضیاء سے مستنیر — ارض ہندوستان سے وہ دُرِ عدن رخصت ہوئے
اب سنیں گے کس سے ہم اللہ حدیثِ درد دل — وہ خطیب و داعیءِ شریں سخن رخصت ہوئے
جن کی فرقت پر جہانِ علم و فن نوحہ کناں — یاد گار قدسیاں وہ گلبدن رخصت ہوئے
ہشت پہلو گوہر ان کو گر کہیں بے جا نہیں — دُرِّ ناسفتہ وہ لعل اندریمن رخصت ہوئے
حشر گویا یک بپا شد آہ بر روئے زمین — مصلح و زاہد دریں دورِ فتن رخصت ہوئے

اب تسلی دے گا ہم کو فانیؔءِ دلگیر کون؟
”اٹھ گیا ناوک فگن مارے گا دل پر تیر کون؟“